دعوتِ اسلامی
DAWAT-E-ISLAMI

رسالہ نمبر: 135



# سیلفی کے 30 عبرتناک واقعات




- سانپ کے ساتھ سیلفی مہنگی پڑی 05
- سفید شیر کا نوالہ بن گیا 10
- کھلونا پستول کے ساتھ سیلفی موت کا سبب بنی 11
- پُل سے لٹک کر سیلفی 13
- ننّھی ڈولفن اپنی جان سے گئی 16



شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرتِ علّامہ مولانا ابو بِلال

مُحَمَّد الیاس عطّار قادِری رَضَوی دامت برکاتہم العالیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ




یہ رِسالہ (18 صَفْحات ) مکمّل پڑھ لیجئے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ
اس کو دنیا و آخِرت کے لئے مُفید پائیں گے۔

## دُرُود شریف کی فضیلت

**سرکارِ مدینۂ منوّرہ**، **سردارِ مکّۂ مکرّمہ** صَلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم **کا فرمانِ** بَرَکت نشان ہے: اے لوگو! بے شک بروزِ قِیامت اس کی دہشتوں اور حساب کتاب سے جلد نَجات پانے والا شَخْص وہ ہوگا جس نے تم میں سے مجھ پر دنیا کے اندر بکثرت **دُرُود شریف** پڑھے ہوں گے۔ (اَلْفِردَوس بمأثور الْخِطاب ج ۵ ص ۲۷۷ حدیث ۸۱۷۵)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

اس رِسالے میں موجود سیلفی کے بارے میں واقِعات وغیرہ زیادہ تر NET سے حاصل کئے گئے ہیں۔



www.dawateislami.net

فرمانِ مُصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم: جس نے مجھ پر ایک بار دُرُودِ پاک پڑھا اللہ عزَّوجلَّ اُس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔ (مسلم)

## ﴿۱﴾ چور کیسے گِرِفتار ہوا؟

فرانس کے شہر ''روش فوغ'' (Rochefort) میں موبائل فون چوری کرنے والا 22 سالہ نوجوان **سیلفی** (Selfie) بنانے کے شوق کی وجہ سے گِرِفتار ہوگیا۔ ایک اَخباری اِطّلاع کے مُطابِق اس مُلزم نے جولائی کے مہینے میں اسی شہر سے ایک شَخْص کا موبائل فون چوری کیا تھا۔ کافی دن گزر جانے کے بعد اس نے شہر میں گھومتے پھرتے اس فون سے اپنی ایک **سیلفی** بنائی لیکن اسے یہ عِلْم نہیں تھا کہ اس اسمارٹ فون کے مالِک نے فون کی سیٹنگز (Settings) ایسی کر رکھی تھیں کہ اس کے ذَرِیْعے اُتاری گئی ہر تصویر خود بخود اُس شہری کے گھر کے کمپیوٹر پر مُنتَقِل ہو جاتی تھی۔ اس مُلزم نے جیسے ہی اپنی **سیلفی** بنائی، وہ فوراً فون کے مالِک کے گھر پر اس کے کمپیوٹر تک پُہنچ گئی! اس نے وہ تصویر بِلاتاخیر پولیس تک پُہنچا دی جس کے نتیجے میں پولیس **سیلفی** میں دکھائی دی جانے والی جگہ پر پُہنچی اور اس چور کو گِرِفتار کرلیا۔

## جان بوجھ کر ہلاکت پر پیش ہونا حرام ہے

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! **سیلفی** (Selfie، یعنی اپنی تصویر خود لینے) کا شوق آج کل عُروج پر ہے۔ اب سے چند سال پہلے تک **سیلفی** (Selfie) کا لفظ ہی انگلش لُغت میں موجود نہیں تھا! 2013ء میں اس لفظ کو نہ صِرْف ڈِکشنری میں شامل کیا گیا بلکہ اِسے اِس سال کا ''اَہم ترین لفظ'' بھی قرار دیا گیا! **سیلفی** بنا کر سوشل میڈیا پر نَشْر کر کے پسند (Like) اور ناپسند (Dislike) کے تاثرات کا مُطالبہ بھی کیا جاتا ہے۔ کم وَقْت میں زیادہ سے زیادہ شہرت پانے



www.dawateislami.net

فرمانِ مصطفےٰ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم: اُس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر دُرُودِ پاک نہ پڑھے۔ (ترمذی)

کے لئے مشہور شخصیات، بُلندو بالا عمارات، آبشاروں، بلکہ شیر اور مگر مچھ جیسے خونخوار جانوروں، شارک جیسی خطرناک مچھلیوں اور چلتی ٹرینوں کے سامنے **سیلفی** لینے کے شوق میں اپنی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والے لوگ بھی کافی تعداد میں دنیا کے اندر پائے جاتے ہیں۔ یاد رہے! بِلا مَصلَحتِ شَرعی جان بوجھ کر اپنے آپ کو ہلاکت پر پیش کرنا گُناہ وحرام اور جہنَّم میں لے جانے والا کام ہے۔ **اللہ** تَعَالٰی پارہ 2 **سُوْرَۃُ الْبَقَرہ** آیت 195 میں ارشاد فرماتا ہے:

**وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ** ترجمۂ کنزالایمان: اور اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ پڑو۔

## سیلفی کے نقصانات

**سیلفی** کے کیا فائدے ہیں یہ تو اس کے شائقین سے پوچھئے! ہوسکتا ہے وہ یادگار، حیران کن اور دلچسپ منظر کے حوالے سے **سیلفی** کو مُفید قرار دیں لیکن مختلف صورتوں میں اس کے نقصانات کی فہرِسْت فوائد سے کہیں طویل ہے، مَثَلاً ❁ **سیلفی** کا شوق پورا کرنے کے لئے وَقْت جیسی قیمتی شے ضائع کرنا پڑتی ہے ❁ مال خرچ ہوتا ہے ❁ انسانی صحّت کو نقصان پہنچتا ہے ❁ خطرناک اور حیران کن سیلفیز کا شوق جان بھی لے سکتا ہے ❁ ''نو سیلفی زون'' میں **سیلفی** بنانے پر قانون کی خلاف ورزی پر سزا ہوسکتی ہے ❁ بے ہودہ سیلفیز کی وجہ سے بے حیائی پھیلتی ہے ❁ بعض نادان لڑکیاں اپنی **سیلفی** سوشل میڈیا پر ڈال دیتی ہیں، گندے ذِہْن کے لوگ جدید تکنیک کے ذَرِیعے ان تصاویر کی ''گندی ترکیب'' بنا کر اس کی عزت کو خاک میں ملا سکتے ہیں ❁ موبائل فون بِالخصوص سوشل میڈیا اور **سیلفی** میں گُم رہنے والے لوگ



www.dawateislami.net

فرمانِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم: جو مجھ پر دس مرتبہ دُرُود پاک پڑھے اللہ عزَّوَجلَّ اُس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ (طبرانی)

گھر کے اَفراد کو وَقت دینے میں ناکام ہونے کی صورت میں بندوں کی حق تلفیوں کے گناہوں میں پڑنے کے ساتھ ساتھ گھر میں جھگڑوں کا بھی باعث بن سکتے ہیں۔

## ''وَقت لیوا'' شوق

یہ شوق ''وَقت لیوا'' ہے کیونکہ **سیلفی** لینے کے لئے حیران کُن جگہ کا انتخاب کرنا، کئی کئی گھنٹے صَرف کر کے اُس جگہ تک پُہنچنا، پھر اس **سیلفی** کو سوشل میڈیا پر عام کرنا اور اس کے بعد اس کا فیڈ بیک (Feedback) چیک کرنا کہ کتنے لوگوں نے لائیک (Like) کیا ہے اور ڈِس لائیک (Dislike) کرنے والے کتنے ہیں، ان تمام کاموں میں کافی وَقت خرچ ہو جاتا ہے۔ یاد رکھئے! اوقات ولمحات انمول ہیرے ہیں، ان کی اَہَمِیَّت بیان کرتے ہوئے ہمارے پیارے آقا صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے فرمایا: نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِیْهِمَا كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ۔ یعنی ''دو نعمتیں ہیں جن میں بَہُت سے لوگ گھاٹے (یعنی نقصان) میں ہیں ﴿۱﴾ صحت و ﴿۲﴾ فراغت۔'' (بُخاری ج٤ ص٢٢٢ حدیث ٦٤١٢) غور کیجئے کہ ہر آنے والی صُبْح ڈبل بارہ گھنٹے ساتھ لاتی ہے، یوں امیر ہو یا غریب، مرد ہو یا عورت، بچّہ ہو یا بوڑھا، اُستاد ہو یا طالِبُ الْعِلْم (بشرطِ زندگی) اسے روزانہ دن رات کے 1440 مِنَٹ کی دولت بغیر کسی محنت کے مل جاتی ہے، عیسوی سال کے حساب سے ان مِنٹوں کو جَمْع کیا جائے تو 365 دن میں 5 لاکھ 27 ہزار 40 مِنَٹ یا 8 ہزار 7 سو 84 گھنٹے بنتے ہیں۔ اس دولت کو انسان چاہے تو ضائع کر دے اور چاہے تو اس سے نَفْع یعنی فائدہ اٹھا لے۔ وَقت وہ دولت ہے جو



www.dawateislami.net

ذخیرہ (Store) نہیں کی جاسکتی ، آپ اس سے فائدہ نہ بھی اٹھائیں تب بھی یہ گزر جاتا ہے جیسے بَرْف کہ یہ اِستعمال نہ بھی ہو تب بھی پگھل کر خَتْم ہو جاتی ہے۔اب دِیانت داری سے بتایئے کہ جو وَقْت اچّھے اور نیک کاموں میں گزار کر آخرت کی بھلائیوں کے حُصُول میں استعمال ہوسکتا ہے اُسے **سیلفی** اور دیگر فُضُولیات میں گزارنا خَسارے (یعنی نقصان) کا سودا ہے یا نہیں؟

## "مال لیوا" شوق

**سیلفی** (Selfie) کا شوق مُفت میں پورا نہیں ہوتا بلکہ اچّھے سے اچھا موبائل یا کیمرا خریدا جاتا ہے، انٹرنیٹ کی فیس بھی جیب سے دی جاتی ہے، ہاتھ میں موبائل پکڑ کر **سیلفی** لینے کا دور بھی پُرانا ہوا، اب تو **سیلفی** لینے کے لئے طرح طرح کے آلات منظرِ عام پر آرہے ہیں جو ظاہر ہے رقم ہی کے ذَرِیْعے خریدے جاتے ہیں۔

## ﴿۲﴾ سانپ کے ساتھ سیلفی مہنگی پڑی

**ایک** امریکی شخص کو سانپ کے ساتھ **سیلفی** لینے کا شوق بیدار ہوا، وہ جب **سانپ** کے ساتھ **سیلفی** بنانے لگا تو **سانپ** نے موقع پا کر اُس کے بازو پر ڈس لیا اور جھاڑیوں میں فِرار ہو گیا۔**سانپ** کے زہر نے تیزی سے اپنا اثر دکھانا شُروع کیا، امریکی کے مُنہ سے جھاگ نکلنے لگا اور وہ دَرْد کی شِدّت سے بُری طرح تڑپنے لگا۔اُسے طِبّی امداد دینے کے لئے قریبی اَسپتال لے جایا گیا جہاں زَہر کے خاتمے کے لئے خُصُوصی تِریاق (یعنی زہر کا اُتارا) دیا گیا، اور کئی ایک انجکشن لگانے پڑے۔صحّت یابی کے بعد جب امریکی کو اَسپتال انتِظامیہ کی



www.dawateislami.net

جانب سے بل دیا گیا تو اس کی آنکھیں ایک بار پھر پھٹی کی پھٹی رہ گئیں کیونکہ **اس کی سیلفی کے شوق نے اسپتال کا بل ایک لاکھ ڈالر** (تقریباً ایک کروڑ پاکستانی روپے) سے **زائد بنا دیا تھا!** اُس امریکی کے پاس ایک سال سے زائد عرصے سے ایک اور سانپ موجود تھا لیکن اس واقعے سے وہ اس قدر خوفزدہ ہوا کہ اُسے بھی جنگل میں لے جا کر آزاد کر دیا۔

## ﴿۳﴾ آپریشن کے دوران سیلفی لینے والے ڈاکٹرز

**چین** کے شمال مغربی صوبے ''شانچی'' کے پرائیویٹ اسپتال میں ڈاکٹروں پر **سیلفی** بنانے کا ایسا بھوت سُوار ہوا کہ وہ آپریشن کے دوران بھی **سیلفی** بنانے میں مصروف رہے، کسی نے وِکٹری (فتح) کا نشان بنایا تو کسی نے مسکرانے کا پوز دیا۔ تصویریں منظرِ عام پر آنے کے بعد محکمۂ صحت کے حُکّام نے غفلت برتنے پر تین سینئر ڈاکٹروں کو عہدے سے بر طرف کر دیا۔ جبکہ تصویر میں نظر آنے والے دیگر عملے کو سرزنش (یعنی ڈانٹ ڈپٹ) کی گئی اور ساتھ ہی ساتھ اُن کی تین ماہ کی تنخواہیں بھی روک دی گئیں۔ اسپتال انتظامیہ نے اِس عمل پر عوام سے مُعافی مانگتے ہوئے کہا کہ اِس آپریشن تھیٹر میں یہ آخری آپریشن تھا اِس لئے ڈاکٹرز کی جانب سے یہ حرکت سامنے آئی۔

## صحّت کو نقصان پہنچانے والا شوق

اوہائیو یونیورسٹی کی شائع کردہ تحقیق کے مطابق سوشل میڈیا کے سیکڑوں شائقین کی جانچ کی گئی، جس میں یہ بات سامنے آئی کہ جو لوگ کافی زیادہ سیلفیز شائع کرتے ہیں اُن



www.dawateislami.net

میں نفسیاتی بیماری کے شُبہات اور ذِہنی اَمراض کے خدشات (یعنی خطرات) بھی زیادہ ہوتے ہیں۔ جبکہ لندن کے طِبّی ماہرین کا کہنا ہے کہ اسمارٹ فون سے زیادہ سیلفیز لینا نہ صِرف چہرے کی جلد (Skin) کو مُتأَثِّر کرتا ہے بلکہ اِس سے چہرے پر جھرّیاں بھی پڑتی ہیں۔ ماہرین کے مُطابِق اسمارٹ فون سے خارج ہونے والی روشنی اور الیکٹرو میگنیٹک ریڈی ایشن (Electromagnetic Radiation) چہرے کی جِلد (Skin) کو نقصان پہنچاتی ہے، اس سے بُڑھاپے کی طرف سفر تیز ہوجاتا اور چہرے پر جھرّیاں اُبھر آتی ہیں۔

## "جان لیوا" شوق

**سیلفی** کا شوق جان لیوا بھی ثابت ہوسکتا ہے، **سیلفی** کے شوقین افراد عوامی مقامات پر عجیب وغریب حرکات کرتے ہوئے اور اپنی اور دوسروں کی سلامَتی کو خطرات میں ڈال دیتے ہیں جس کا نتیجہ اَسپتال کا بیڈ یا موت کا بستر ہوتا ہے۔ ایک اَخباری اِطّلاع کے مُطابِق 2014ء سے 2016ء تک **سیلفیز** لینے کے جُنون میں کم وبیش 49 اموات واقع ہو چکی ہیں، فوت شدگان افراد میں زیادہ تر 21 سال کی عُمر تک کے ہیں اور 75 فی صد مرد ہیں۔ **سیلفی** کے لئے سب سے زیادہ خطرناک مقام بلندی یا پانی ہے۔ 16 افراد اونچی ڈھلوانوں یا چٹانوں سے گر کر، 14 افراد ڈوب کر اور 8 افراد ٹرینوں سے ٹکرا کر فوت ہوگئے۔ چار گولی چلنے سے، دو گرینیڈ سے، دو طیّاروں سے ٹکرا کر، دو کار کی ٹکر سے اور ایک جانور کے حملے سے فوت ہوا۔ زیادہ تر اَموات "ہند" میں ہوئیں، اسی لئے ہند میں 16 مقامات پر **سیلفی**



www.dawateislami.net

لینا ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔ دوسرے نمبر پر ''رُوس'' ہے جب کہ **سیلفیز** سے ہونے والی اَموات میں پاکستان دسویں نمبر پر ہے۔ بطورِ عبرت چند منتخب واقِعات مُلاحظہ کیجئے:

## ﴿٤﴾ دستی بم کے ساتھ سیلفی

**رُوس** میں پہاڑ کی چوٹی پر دو نوجوان اُس وَقت انتِقال کر گئے، جب انہوں نے ایک دستی بم کی پِن نکالتے ہوئے اُس کے ساتھ **سیلفی** بنانے کی کوشش کی۔

## ﴿٥﴾ تاج مَحَل کی سیڑھیوں سے گِر کر فوت ہوگیا

**جاپان** کا ایک سیّاح مشہور تاریخی عمارت تاج مَحَل (آگرہ، ہند) میں ''رائل گیٹ'' کی سیڑھیاں چڑھتے ہوئے **سیلفی** لینے کی کوشش کے دوران گر کر جان کی بازی ہار گیا۔

## ﴿٦﴾ ماں باپ اور بیٹی پانی میں بہ گئے

خیبر پختونخواہ (پاکستان) کے ایک گاؤں ''بِیْسِیاں'' کے قریب دریائے کُنہار کے کنارے 11 سالہ لڑکی **سیلفی** لے رہی تھی کہ اچانک اُس کا پاؤں پھسلا اور وہ دریا میں جا گری، ماں نے اپنی بیٹی کو بچانے کے لئے دریا میں چھلانگ لگائی تو وہ بھی پانی میں بہ گئی، ماں بیٹی کو ڈوبتے دیکھ کر بیٹی کا باپ بھی دریا میں کود گیا اور وہ بھی بے چارہ ڈوب گیا۔ لڑکی کے ماں باپ کا تعلُّق صوبۂ پنجاب (پاکستان) سے تھا اور دونوں ڈاکٹر تھے اور چھٹّیوں میں سیر و تفریح کے لئے وہاں گئے تھے، مذکورہ ڈاکٹر اور لیڈی ڈاکٹر کی ایک 9 سالہ بیٹی اور ایک 6 سال کا بیٹا بھی ہے جو حادِثے کے وَقت وہاں موجود تھے۔ آہ! **سیلفی** کے شوق نے زندہ رہ جانے والی بچّی



www.dawateislami.net

اور بچّے سے اُن کی بڑی بہن اور ماں باپ کو چھین کر انہیں یتیم و بے سہارا کر دیا!

## ﴿۷﴾ 17 ویں منزل سے نیچے جاگری

بارہ سالہ روسی لڑکی **سیلفی** لیتے ہوئے بالکنی (Balcony) سے نیچے گر کر فوت ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق وہ 17 ویں منزل پر واقع اپنے فلیٹ کی ریلنگ (Railing) پر بیٹھ کر **سیلفی** بنانے کی کوشش میں اپنا توازُن (Balance) برقرار نہ رکھ سکی اور نیچے جا گری۔ وہ اپنی ماں کو یہ کہہ کر گئی تھی کہ ''ہوا خوری کے لیے چھت پر جارہی ہوں۔'' لیکن چھت پر جانے کی بجائے بالکنی میں **سیلفی** لینے پہنچ گئی۔ پولیس کے مُطابِق اُس لڑکی نے یہ تصویر اپنی ایک سہیلی کو بھیج دی، سہیلی نے محسوس کیا کہ یہ تصویر خطرناک جگہ پر لی گئی ہے، لہٰذا اُس نے فوری طور پر اُسے فون کیا مگر فون ریسیو (Receive) نہ ہوسکا پھر اُس سہیلی نے یہ تصویر اُس کی ماں کو بھجوادی مگر اُس وَقت تک لڑکی نیچے گر کر دم توڑ چکی تھی۔ ایک راہ گیر نے پولیس کو لڑکی کی لاش کے بارے میں اِطّلاع دی۔

## ﴿۸﴾ تیراکی کے دوران سیلفی لینا جان لیوا ثابت ہوا

شمس آباد کے عَلاقے ''کوتوال گوڑہ'' حیدرآباد (ہند) میں دو نوجوان تیراکی کے دوران **سیلفی** لیتے ہوئے پانی میں ڈوب گئے۔ تفصیلات کے مُطابِق حیدرآباد (ہند) کے 14 نوجوان ''کوتوال گوڑہ'' میں تیراکی (سویمنگ۔ Swimming) کیلئے آئے، ان میں سے کوئی بھی تیرنا نہیں جانتا تھا۔ ان میں سے دو نوجوان جن کی عُمْریں بِالتَّرتیب 17 اور 18 سال



www.dawateislami.net

فرمانِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم: مجھ پر دُرُود پاک کی کثرت کرو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُود پاک پڑھنا تمہارے لئے پاکیزگی کا باعث ہے۔ (ابویعلیٰ)

تھی، **سیلفی** لے رہے تھے کہ پھسل کر ایک گڑھے میں جا پھنسے اور ڈوب کر فوت ہو گئے۔

## ﴿۹﴾ سفید شیر کا نوالہ بن گیا

دِہلی (ہند) کے ایک چڑیا گھر (Zoo) میں ایک نوجوان **سیلفی** بنانے کیلئے کوئی انوکھی جگہ تلاش کرتے کرتے **سفید شیر** کے پنجرے کے پاس جا پہنچا اور جیسے ہی **سیلفی** بنانے کیلئے تیار ہوا شیر نے اُس کو دبوچ لیا اور وہ موقع پر ہی خَتْم ہو گیا۔

## ﴿۱۰﴾ سیلفی لیتے ہوئے پِستول چل گیا

مرکز الاولیا (لاہور پاکستان) کا 22 سالہ نوجوان 2016ء میں **سیلفی** لینے کی دیوانگی کا غالِباً پہلا شکار بنا۔ پولیس کے مُطابِق نوجوان اپنے دوست کے ہمراہ اپنے سینے پر اصلی پستول رکھ کر **سیلفی** بنا رہا تھا کہ غَلَطی سے ٹریگر دب گیا، اُسے فوری طور پر قریبی اسپتال پہُنچایا گیا لیکن وہ جانبر نہ ہو سکا۔

## ﴿۱۱﴾ ٹرین کی ٹکر

دسمبر 2015ء میں راولپنڈی (پاکستان) میں ایک نوجوان ریلوے ٹریک پر کھڑے ہو کر چلتی ٹرین کے ساتھ **سیلفی** لینے کی کوشش کر رہا تھا مگر بدقسمتی سے ٹرین سے ٹکرا جانے کی وجہ سے موقع پر ہی دم توڑ گیا۔

## ﴿۱۲﴾ عورت ٹرین سے نیچے گر گئی

"کولمبو" میں 25 سالہ چینی عورت اُس وَقْت ٹرین سے باہَر جا گری جب وہ اپنے



www.dawateislami.net

موبائل فون کے ذَرِیعے ٹرین کے فُٹ بورڈ (Footboard) پر **سیلفی** اتار رہی تھی۔ اُس کو اَسپتال لے جایا گیا لیکن زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسی۔

## ﴿۱۳﴾ کھلونا پستول کے ساتھ سیلفی موت کا سبب بنی

**اسکول** کے دو طالبِ عِلْم کھلونا پستول کے ساتھ **سیلفی** لے کر سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنے کے شوق میں پولیس کی اَصلی پستول کا نشانہ بن گئے۔ دونوں طَلَبہ پارک میں کھڑے کھلونا پستول کے ساتھ **سیلفی** بنا رہے تھے کہ مقامی پولیس نے ڈاکو سمجھ کر ان پر فائرنگ کردی۔ فائرنگ کے نتیجے میں ایک طالبِ عِلْم شدید زخمی ہو گیا اور اَسپتال میں اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ یہ افسوسناک واقعہ جون 2015 میں پاکستان کے شہر سردار آباد (فیصل آباد) میں پیش آیا۔

## ﴿۱٤﴾ انوکھی سیلفی نے موت کی نیند سُلا دیا

مَئی 2015ء میں ”رُومانیہ“ کی اٹھارہ سالہ لڑکی اپنی سَہیلی کے ہمراہ ریلوے اسٹیشن پہنچی تاکہ وہ ایک **انوکھی سیلفی** بنا کر سوشل میڈیا (Social media) پر پوسٹ کر سکے، لیکن ٹرین کی چھت پر چڑھ کر بجلی کی تاروں پر ہاتھ لگا بیٹھی اور دیکھتے ہی دیکھتے تاروں میں موجود 27000 وولٹ کے دوڑتے کرنٹ نے اُسے موت کی نیند سُلا دیا۔

## ﴿۱٥﴾ سیلفی کی شائقہ طالِبہ پُل سے گری اور......

2014ء میں نرسنگ کی 23 سالہ طالِبہ ”جنوبی اسپین“ میں واقع ایک پل پر **سیلفی** لینے کی



www.dawateislami.net

کوشش میں اپنا توازُن (Balance) برقرار نہ رکھ سکی اور 15 فٹ نیچے کنکریٹ سے بنے اسٹرکچر (Structure) پر جا گری، اَسپتال پہنچائی گئی مگر وہاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسی۔

## ﴿۱۶﴾ سیلفی بنانے والی کو جب کرنٹ کا زوردار جھٹکا لگا......

رُوس کے شہر ''سینٹ پیٹرز برگ'' کے ریلوے پُل کے بُلند ترین مقام پر 17 سالہ لڑکی **سیلفی** بنانا چاہتی تھی کہ اسی کوشش کے دَوران 1500 وولٹ کے دوڑتے کرنٹ کی تاروں سے ٹکرا گئی اور کرنٹ کے جھٹکے نے اُسے پل سے 30 فٹ نیچے پھینک دیا جس سے اُس کی موت واقع ہوگئی۔

## ﴿۱۷﴾ سیلفی کے شوق نے سمندر میں بہا دیا!

''فلپائن'' میں 18 سالہ لڑکی اپنی سہیلی کی سالگرہ کے موقع پر سُمندر کی لہروں کے درمیان ''گروپ سیلفی'' لیتے ہوئے ڈوب کر فوت ہوگئی۔ انجنیئرنگ (Engineering) کی طالِبہ کو سُمندر کی لہریں اُس وَقْت بہا کر لے گئیں جب وہ اپنی ہم جولیوں کے ہمراہ **سیلفی** بنانے میں مصروف تھی۔

## ﴿۱۸﴾ میاں بیوی پہاڑ سے گر کر ہلاک

اگست 2014ء میں پُرتگال کے کابوڑا روکا (Cabo da Roca) نامی پہاڑ کی چوٹی کے کنارے پر کھڑے ہو کر میاں بیوی اپنے بچوں کے ہمراہ **سیلفی** لینے کی کوشش کر رہے تھے، اس دَوران پیر پھسلنے کے باعِث وہ دونوں نیچے جا گرے اور اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ بچّوں نے ماں باپ کو اپنی آنکھوں کے سامنے موت کی آغوش میں جاتے ہوئے دیکھا۔



www.dawateislami.net

## ﴿۱۹﴾ پل سے لٹک کر سیلفی

جون 2016ء میں یونیورسٹی کا 17 سالہ اسٹوڈنٹ اُس وَقْت فوت ہوگیا جب وہ ''ماسکو'' کے ایک پل سے لٹک کر **سیلفی** بنانے کی کوشش کررہا تھا۔ اِس سے قبل وہ رُوس کے شہر ''وولوگڈا'' میں بلند چھتوں سے اپنی کئی تصاویر بنا چکا تھا۔

## ﴿۲۰﴾ 1640 فٹ گہرے آبشار میں جا گرا

**سیلفی** لینے کے دوران 28 سالہ کوریَن سَیّاح امیزون جنگل کے گہرے آبشار میں گر کر موت کا شکار ہوگیا۔ مذکورہ نوجوان **سیلفی** لیتے ہوئے تَوازُن (Balance) برقرار نہ رکھ سکا اور پھسل کر 1640 فٹ گہرے آبشار میں جا گرا، سَیّاح کی لاش بہتی بہتی 7 میٹر گہری جھیل میں جا پہنچی جہاں سے ریسکیو ادارے کے تیراکوں نے لاش کو نکال کر قریبی اَسپتال میں منتقل کردیا۔

## ﴿۲۱﴾ دو قریبی رشتے دار دریا میں ڈوب گئے

**سیلفی** کے جُنون نے صوبہ خیبر پختونخواہ (پاکستان) کی ''وادیِ کاغان'' میں ہفتے کے روز ایک مرد اور ایک عورت کی جان لے لی۔ واقعہ کچھ یوں ہے کہ دریائے کُنھَار کے کنارے پتّھر پر کھڑے ہوکر 29 سالہ نوجوان **سیلفی** لے رہا تھا کہ اُس کا پاؤں پھسلا اور وہ دریائے کُنھَار میں گر گیا، اُس کو بچانے کی خاطِر اُس کی قریبی عزیزہ نے بھی دریا میں چھلانگ لگادی اور دونوں ڈوب گئے۔ مقامی عَینی شاہد نے بتایا کہ نوجوان پتّھر پر کھڑے ہوکر **سیلفی** لے رہا تھا، میں اُس کو مَنْع کرنے ہی والا تھا کہ اُس کا پاؤں پھسلا اور وہ دریا میں گر گیا۔



www.dawateislami.net

فرمانِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم: جس نے مجھ پر روزِ جمعہ دو سو بار دُرُود پاک پڑھا اُس کے دو سو سال کے گناہ مُعاف ہوں گے۔ (جمع الجوامع)

## ﴿۲۲﴾ سانپ نے ڈس لیا

سَرائے عالمگیر (پنجاب، پاکستان) سانپ کے ساتھ **سیلفی** بنانے والا 26 سالہ نوجوان سانپ کے ڈسنے سے موت کی آغوش میں جا سویا۔ مذکورہ نوجوان ''بٹوں'' کا رہائشی تھا اور اپنے رشتے داروں کو ملنے ''سَرائے عالمگیر'' آیا ہوا تھا۔ (جنگ اخبار آن لائن 12 اکتوبر 2016ء)

## ﴿۲۳﴾ سیلفی بناتے ہوئے پہاڑی نالے میں گر پڑا اور.....

مرکزُ الاولیا (لاہور، پاکستان) کا رہائشی ایک شخص وادیِ نیلم کے پُر فضا مقام کُٹَن میں ''جاگران ندی'' کے پُل پر کھڑا ہو کر **سیلفی** بنا رہا تھا کہ پاؤں پھسلنے کی وجہ سے ندی میں جا گرا، دیگر دوستوں نے زخمی حالت میں بہتے ہوئے نوجوان کو نکال کر طبّی امداد کے لئے فوجی اسپتال منتقل کیا لیکن وہ جانبر نہ ہو سکا، مُتَوَفّٰی (یعنی فوت ہونے والے) کی لاش کو تدفین کے لئے وُرَثا کے حوالے کر دیا گیا۔ (ایضاً 12 جولائی)

## ﴿۲٤﴾ 2 نوجوان ڈوب گئے جبکہ.....

ہالا (سندھ) میں **سیلفی** لیتے ہوئے 2 نوجوان دریا میں گر کر ڈوب گئے تیسرے کو بچا لیا گیا۔ تینوں نوجون دریائے سندھ کے کنارے کھڑے ہو کر **سیلفی** بنا رہے تھے کہ پاؤں پھسلنے سے دریا میں گر گئے، موقع پر موجود مَلّاحوں (Sailors) نے ایک نوجوان کو زندہ نکال لیا تاہم دو ڈوب گئے۔ (ایضاً 11 جولائی)

## ﴿۲٥﴾ بندوق پکڑ کر سیلفی بنانے والے کی جان گئی

گوجرانوالہ (پنجاب، پاکستان) بندوق پکڑ کر **سیلفی** بنوانے والا نوجوان اچانک ہاتھ



www.dawateislami.net

ٹریگر پرآ جانے سے گولی لگنے سے فوت ہوگیا۔چمن شاہ روڈ کا نوجوان رَمضانُ الْمبارَک میں تراویح کی نماز پڑھنے کیلئے مقامی مسجد میں گیا، جہاں اس نے سکیوریٹی گارڈ سے بندوق لے کر **سیلفی** اتروانے کی ضد کی کہ اچانک ہاتھ ٹریگر پرآ گیا اور گولی پیٹ میں جالگی جس سے وہ شدید زخمی ہوگیا، طبّی امداد کیلئے اَسپتال داخل کروا دیا گیا، بعد ازاں لاہور کے اَسپتال لے جایا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ (جنگ اخبار آن لائن 24 جون 2016ء)

## ﴿۲۶﴾ گولی چلنے سے 43 سالہ شخص فوت

انوکھے اور عجیب وغریب انداز میں **سیلفی** لینے کے دوران زندگی کی بازی ہار جانے کی بات اب کچھ نئی نہیں رہی، ''امریکا'' میں ایک شخص اپنے دوست کے ساتھ پستول ہاتھ میں لیے **سیلفی** لے رہا تھا کہ اچانک گولی چل گئی اور وہ موقع پر ہی فوت ہوگیا۔ پولیس کے مُطابِق **سیلفی** لینے کے دَوران وہ شخص کئی بار پستول گولیوں سے خالی کرتا اور بھرتا رہا جبکہ اِس عمل میں پستول سے گولیاں نکالتے وَقْت ایک گولی اُسی میں رہ گئی اور اُس کے دوست نے سمجھا کہ اب پستول میں گولی نہیں جس پر اس نے پستول کا ٹریگر دبا دیا اور اس میں موجود گولی چل گئی اور وہ موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا۔ (ایضاً 4 مارچ)

## ﴿۲۷﴾ سیلفی لڑکی کو مہنگی پڑی!

آج کل لوگوں کے سروں پر **سیلفی** لینے کا بھوت سُوار ہے بسا اَوقات **سیلفی** لیتے ہوئے آدمی اچھّی خاصی مصیبت میں پڑ جاتا ہے، چنانچہ تُرکی کی ایک عورت کو بھی **سیلفی** کا


www.dawateislami.net

شوق مہنگا پڑ گیا۔ تُرکی کے شہر Samsun کے ساحلِ سمندر پر ایک لڑکی اپنے موبائل فون سے **سیلفی** لینے میں مصروف تھی کہ پیر پھسلنے سے لڑکھڑا گئی، لڑکھڑاتے ہوئے اس کے ہاتھ سے پہلے موبائل گرا پھر خود بھی دو پتّھروں کے درمیان گر کر پھنس گئی۔ دو گھنٹے کی سر توڑ کوشش کے بعد لڑکی کو زندہ باہر نکال لیا گیا۔ (جنگ اخبار آن لائن 7 مئی 2016ء)

## ﴿۲۸﴾ 15 سالہ لڑکا شدید زخمی

بھارتی ریاست پنجاب میں 15 سالہ لڑکا **سیلفی** لینے کے دوران سر میں گولی لگنے سے شدید زخمی ہوگیا، یہ حادِثہ اس وَقت پیش آیا جب وہ اپنے والِد کے پستول کے ساتھ **سیلفی** لینے کی کوشش کر رہا تھا کہ گولی چل گئی۔ (ایضاً 2 مئی)

## ﴿۲۹﴾ سیلفی لیتے ہوئے کنویں میں جاگری

''جُونا گڑھ'' (گجرات، ہند) میں ایک آسٹریلوی سَیّاح اُس وَقت مصیبت میں پھنس گئی جب وہ اپنی **سیلفی** لیتے ہوئے اچانک کنوئیں میں جا گری۔ اُس کی چیخوں کی آواز سُن کر لوگ بھاگ کر آئے اور کنوئیں سے نکال کر اس کی جان بچالی۔

## ﴿۳۰﴾ ننھی ڈولفن اپنی جان سے گئی

سیلفی کے شائقین نے **سیلفی** بنانے کے لئے **ننھی ڈولفن** کو سمندر سے نکال لیا، پانی سے نکالے جانے پر ''ننھی ڈولفن'' مَر گئی جس پر وائلڈ لائف کے ماہرین اور لوگوں میں ناراضی کا اظہار کیا جارہا ہے۔ فرانسسکا نامی ڈولفن کی یہ قسم حَجْم (یعنی جسامت) کے اعتِبار سے



www.dawateislami.net

دنیا کی سب سے چھوٹی ڈولفن ہے اور یہ ارجنٹینا، برازیل اور یوراگوئے میں ہی پائی جاتی ہے۔

## حج وعُمْرہ اور سیلفی

سفرِ حج وعُمْرہ کے دوران بھی **سیلفی** کے شائقین اپنا شوق پورا کرتے پائے جاتے ہیں، انہیں جہاں کوئی منظر اچّھا لگتا ہے جھٹ **سیلفی** بناتے اور سوشل میڈیا کے ذَرِیْعے اس کی تَشہیر کر دیتے ہیں۔ حَجرِ اَسْود کو بوسہ دیتے وَقْت، سعی اور طواف کے دوران بھی **سیلفیز** بنائی جاتی ہیں، جس سے طواف وسعی کرنے والوں کی رَوانی میں فرق آتا ہے، لوگ ایک دوسرے پر گر پڑتے ہیں یا پھر ٹکرا جاتے ہیں جس سے انہیں پریشانی ہوتی ہے، خود **سیلفی** بنانے والوں کا ذوقِ عبادت متأثّر ہوتا ہے، سنہری جالیوں کے پاس مُواجَہہ شریف کے سامنے حاضری کے وَقْت بھی **سیلفی** بنانے والے پائے جاتے ہیں اس مقصد کے لئے بعض بے باک اپنی پیٹھ مُواجَہہ شریف کی طرف کر لیتے ہیں۔ اے کاش! ہمارا یہ ذِہْن بن جائے کہ سفرِ حَرَمَینِ طیِّبَین **سیلفی** بنانے کے لئے نہیں ثواب کمانے کے لئے ہوتا ہے۔

## پہلے دعا کی درخواست کرتے تھے اب سیلفی کی فرمائش

پچھلے دنوں جب کوئی مذہبی شخصیّت مَثَلاً پیر صاحب، مفتی صاحب وغیرہ کسی کے گھر تشریف لے جاتے یا راستے میں مل جاتے تو عُموماً ان سے دُعا کی اِلتجا کی جاتی تھی اور اب صورتِ حال یہ ہے کہ اگر کوئی مشہور مذہبی شخصیّت کہیں نظر آ جائے تو دُعا کی درخواست کرنے کے بجائے بعضوں کی اوّلین کوشش یہ ہوتی ہے کہ ان کے ساتھ **سیلفی** لے لی جائے۔



www.dawateislami.net

# اسلام کی خوبی

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** غیر ضَروری **سیلفی** کی عادت نکالنے کے لئے کرنے کے کاموں میں لگ جایئے، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ نہ کرنے کے کاموں سے بچ جائیں گے۔

**حُضُور تاجدارِ رِسالت، شَہَنْشاہِ نُبُوَّت** صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: **مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْکُہٗ مَا لَا یَعْنِیْہِ۔** یعنی ''آدمی کے اسلام کی خوبیوں میں سے یہ خوبی ہے کہ وہ ہر بے مقصد اور فضول کام چھوڑ دے۔'' (ترمذی ج ٤ ص ١٤٢ حدیث ٢٣٤٤)

مُفَسّرِ شَہیر مفتی احمد یار خان عَلَیہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان لکھتے ہیں: **یعنی کامل مسلمان وہ ہے جو** ایسے کلام ایسے کام ایسی حَرَکات وسَکَنات سے بچے جو اُس کے لیے دین یا دنیا میں مُفید نہ ہوں، وہ کام یا کلام کرے جو اُسے یا دنیا میں مُفید ہو یا آخرت میں۔ سُبْحٰنَ اللہ! ان دو کلموں میں دونوں جہان کی بھلائی وابستہ ہے۔ (مراۃ المناجیح ج ٦ ص ٤٦٥)

**یاربَّ الْمصطَفٰے!** ہمیں اپنا وَقْت دونوں جہانوں کی بھلائیاں دِلانے والے کاموں کے لئے خَرچ کرنے کی توفیق عطا فرما۔ اٰمِین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم

## صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ تَعالٰی علٰی محمَّد

غمِ مدینہ، بقیع، مغفرت اور بے حساب جنّت الفردوس میں آقا کے پڑوس کا طالب

رَبیعُ الآخر ۱٤٣٨ھ
جنوری 2017ء

**یہ رسالہ پڑھ لینے کے بعد ثواب کی نیّت سے کسی کو دیدیجئے**



www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## ولیوں کے ساتھ اُٹھائے جانے کی دُعا

**اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ، اَللّٰھُمَّ فَرِّجْ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ، اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ۔[1]**

**فضیلت:** ارشادِ حضرتِ مَعروفِ کَرْخی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْکَافِی: ''جو روزانہ 10 بار یہ دعا پڑھے گا، اسے اَبدالوں میں لکھا جائے گا۔''[2] یعنی قِیامت میں اس کو اَبدالوں (یعنی ولیوں) کے گروہ میں اٹھایا جائے گا اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ۔

مــــــــــــــــــــــــــــــــــــدینــه

[1]: ترجمہ: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! اُمّتِ محمدیہ کی اِصلاح فرما، اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! اُمّتِ محمدیہ سے مشکلات دُور کردے، اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! اُمّتِ محمدیہ پر رَحم فرما۔

[2]: حلیۃُ الاولیاء ج۸ص ۴۱۰ رقم ۱۲۷۱۶۔


ISBN 978-969-631-847-7
0125588
MC 1286



فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)
UAN: +92 21 111 25 26 92 Ext: 2650
Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net